سوال

(352)فوتگی کے موقع پر کھانا کھلانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

فوتگی کے موقع پر کھانا کھلانے اور کھانے کا شرعی طریقہ کیا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

میت والوں کو کھانا کھلانے کا حکم ہے ''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: خاندان جعفر کے لیے کھانا تیار کرو ان کے پاس ایسی خبر آئی ہے جس نے انھیں مشغول کر دیا ہے'' (سنن ابی داؤد۔ کتاب الجنائز۔ باب صنعة الطعام لاھل المیت۔ سنن الترمذی۔ کتاب الجنائز۔ باب فی الطعام یصنع لاھل المیت) شرعی طریقہ یہ ہے کہ کھانا پکا کر یا خرید کر ان کو کھلا دے اور بس۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

جنازے کے مسائل ج1ص260

محدث فتویٰ